
# ۵ کی پہچان اور لکھنا

چار اور ایک پانچ




ہاتھ کی ہیں اُنگلیاں پانچ
مور نے خوب دِکھایا ناچ

## ۵
## پانچ



پانچ موتی بناؤ۔

پانچ میں رنگ بھرو۔ پانچ میں رنگ بھرو۔ پانچ میں رنگ بھرو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ |
| ۵ | | | | | |




برائے اساتذہ


## عددوں کے گیت اور اُنگلیوں کی ٹوپیاں

رنگین کاغذ کی تقریباً ۵ سم قطر کی گول ٹکیاں کاٹ کر ہر ایک کے تین مساوی حصّے کیجیے۔ چکٹ پٹّی کے ٹکڑے کی مدد سے ہر ٹکڑے کی ٹوپی بنائیے۔ ٹوپی بنانے کے دوران طلبہ کا تعاون حاصل کیجیے۔ اُنگلیوں پر ٹوپیاں پہنانے سے بچّوں کو لطف آئے گا۔ وہ ٹوپیاں ایک دوسرے سے تبدیل کر سکتے ہیں۔

بعد میں نیچے دیا ہوا گیت تال پر گانا سکھائیے۔ ایک سے دس عدد لگاتار بولنا سیکھنے کے بعد ہی چیزیں گننا ممکن ہو سکتا ہے۔ گیت کے ذریعے ایک سے دس تک عدد لگاتار بولنے کی مشق ہوگی۔



ایک دو، تین، چار، پانچ، چھے، سات، آٹھ، نَو
دیکھو دیکھو اُنگلیاں ہیں دس
آؤ گِنیں ہر ایک کو بار بار
پھر بھی دیکھو اُنگلیاں ہیں دس



ہر ایک کے سر پر سجائیں، ایک ایک ٹوپی
لال، پیلی، نیلی جامنی یا پھر سفید سب سے بھلی

کتنی ٹوپیاں درکار ہیں، سب کو بھلا، کہہ دو یہ بس
اُنگلیاں ہیں جتنی، ٹوپیاں ہیں اتنی، یعنی تب بھی ہیں دس



7NVHHS